© rasailojaraid.com

| | |
|---|---|
| قرآن کی باتیں | مصنف : سید نظر زیدی - مطبع : تعمیر ادب، لاہور |

تقسیم کنندہ : المنار بک سنٹر منصورہ، لاہور۔ ضخامت : ۹۶ صفحات

قیمت : ۱۸/- روپے۔

سید نظر زیدی صاحب ان شعراء و ادباء میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے ادب و شعر کے ذریعے سے ننھے منے بچوں کی ذہنی، اخلاقی اور روحانی تربیت کرنے کی حتی الامکان کوشش کی ہے۔

"قرآن کی باتیں" ان کی نئی اور تازہ تالیف ہے، جس میں انہوں نے قرآن مجید کی آیات کے حوالے سے شرفِ انسانیت، نماز کی فرضیت، سچ بولنا، غیبت سے بچنا، لباس اور بدن کی پاکیزگی، فضول خرچی کی عادتِ بد سے پرہیز اور چغل خوری کی قباحت اور باہمی لڑائی جھگڑے سے بچنا وغیرہ عنوانات کے تحت بچوں کے لیے اچھی معلومات جمع کر دی ہیں۔

ص ۴۰ دوسرے پیرے کو کسی اور مثال سے پیش کیا جاتا تو بہتر تھا۔ اسی طرح ص ۵۶ پر دوسرا پیرا بھی "ہوا یہ کہ چالاک اور خود غرض لوگوں" قابلِ توجہ ہے۔

(عبدالوکیل علوی)

---

| | |
|---|---|
| وادیٔ نیل کا قافلۂ سخت جاں | مؤلف : مرشد عام اخوان المسلمون مصر محمد حامد ابو النصر |

مترجم : حافظ محمد ادریس ایم اے۔ طابع و ناشر : حرا پبلی کیشنز، فضل الٰہی مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ ضخامت : ۲۹۲ صفحات۔ قیمت : ۶۵/- روپے

حق و باطل کی کشمکش ابتدائے آفرینش سے لے کر آج تک جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گی ـــــ خوش قسمت اور سعادتِ دارین سے بہرہ ور ہیں وہ نفوسِ قدسیہ جنہوں نے ہر حالت میں حق و صداقت کا بے لوث ساتھ دیا۔ اور اس کے لیے ہر قسم کی قربانی پیش کرنے سے دریغ نہیں کیا۔

اخوان المسلمون کے مرشد عام محترم محمد حامد ابو النصر نے اپنی تالیف میں مصر کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

فرعون طینت آمر کرنل جمال عبدالناصر کے دورِ انقلاب میں اخوان کے رہنماؤں پر ڈھائے گئے مظالم کی عینی شہادت پیش کی ہے، جس کا اردو ترجمہ حافظ محمد ادریس صاحب ایم اے نے کیا ہے۔ ترجمہ عام فہم زبان میں بہت سُلجھا ہوا اور مؤلف کے ذہن اور ضمیر کا صحیح عکاس ہے۔

تحریکِ اسلامی کے کارکنوں کے لیے خاص کر اور عوام الناس کے لیے عام طور پر نہایت عمدہ رہنمائی ہے۔ (عبدالوکیل علوی)

---

**صرف عورتوں کے لیے** تصنیف: شیخ محمد الزین الطاہر۔ ترجمہ: عبدالرشید حنیف۔
ناشر: ادارہ علومِ اسلامی جھنگ صدر۔ ضخامت: ۹۰ صفحات، غیر مجلد
قیمت: درج نہیں۔

اِس کتاب میں عورت کی حیثیت اور عائلی زندگی میں اس کے کردار پر گفتگو کی گئی ہے۔ یہ نہ صرف اِس دور بلکہ ہر دور کا زندہ موضوع رہا ہے اور اس لحاظ سے زیرِ نظر کتابچے کو بہت اہم خیال کرنا چاہیے۔ لیکن جس انداز سے مباحث سپردِ قلم کیے گئے ہیں وہ اچھا خاصا غیر مربوط اور جدید اسالیب سے بہت ہٹا ہوا ہے، تاہم اس کا مطالعہ فائدے سے خالی نہیں۔ قاری اس نتیجے پر بہرحال پہنچ جاتا ہے کہ اسلامی اصولوں کو اپنانے ہی سے بہتر زندگی بلکہ زندگی گزارنے کے قابل بنتا ہے۔

(انظر زیدی)

---

## گزارشِ احوال واقعی

چند اہم کتابوں پر اس ماہ تبصرہ لکھنا ضروری تھا اور ان پر میں خود لکھنا چاہتا تھا۔ مگر اشارات کی طوالت کے علاوہ قصاص و دیت پر مضامین شامل کرنے پڑے۔ یوں بھی مطبوعات نے کئی صفحات لے لیے ہیں۔

---

© rasailojaraid.com